## داتا دربار کے سانحے پر پوری قوم سوگوار ہے۔ پوری قوم کو دھشت گردوں کے خلاف متحد ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا۔ سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا

لاہور۔۔۔4 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا، رکن قومی اسمبلی فرحت خان نے لاہور زون کے انچارج شاہین انور گیلانی، متحدہ لائرز فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ اور زون و ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران کے ہمراہ میو ہسپتال کا دورہ کیا اور سانحہ داتا گنج بخشؒ کے زخمیوں کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی طرف سے زخمیوں میں پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور زخمیوں کی دیکھ بھال کے لئے ڈاکٹرز و نرسنگ سٹاف کی دن رات انتھک محنت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی طرف سے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ داتا دربار کے سانحہ پر پوری قوم سوگوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے اِن دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم کو متحد ہو کر اور سیاسی جماعتوں کو اپنے اختلافات بھلا کر ان کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے علاقوں میں محلے کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دیں اور اپنے اپنے محلوں اور گلیوں میں نئے کرایے داروں اور اجنبی افراد پر نظر رکھیں۔

انہوں نے کہا کہ حکومت کو ان دہشت گردوں کے خلاف مربوط اور جامع پالیسی بنانی چاہیے اور ملک بھر میں موجود اولیاء کرام کے مزارات اور دیگر دینی مقامات مسجدوں کی حفاظت کا خاطر خواہ انتظام کیا جائے۔ انہوں نے حکومت سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ زخمیوں اور شہیدوں کے لواحقین کے لئے جس امداد کا اعلان کیا گیا ہے وہ جلد از جلد اُن کے حوالے کی جائے تاکہ ان کے دکھوں کا کچھ ازالہ ہو سکے۔

## استحصالی نظام سے نجات کیلئے محنت اور ایمانداری سے کام کریں، رابطہ کمیٹی

## ایم کیو ایم فیصل آباد زون کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

فیصل آباد۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گجرانوالہ کے بعد فیصل آباد کو زون کا درجہ دیکر فیصل آباد زون سمیت ڈسٹرکٹ چنیوٹ، ڈسٹرکٹ سرگودھا، ڈسٹرکٹ جھنگ، ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ اور فیصل آباد لائرز فورم اور پنجاب سوشل فورم کی تنظیم نو کرتے ہوئے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کر دیا گیا۔ یہ اعلان ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان نے گزشتہ روز فیصل آباد پریس کلب میں منعقدہ ایم کیو ایم فیصل آباد زون کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں خواتین سمیت کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان راؤ نجیب اور شیراز بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پنجاب سمیت ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور حقوق سے محروم عوام جوق در جوق ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر جمع ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام میں ایم کیو ایم کی مقبولیت فرسودہ جاگیردارانہ نظام کیلئے نوشتہ دیوار ہے اور اس بات کا غماز ہے کہ اب ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ ہوگا اور بہت جلد ملک میں غریب و متوسط طبقے کے عوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ متحرک اور منظّم تحریکیں ہمیشہ کامیابی حاصل کرتی ہیں لہٰذا ہمیں خود کو متحرک اور منظّم رکھ کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے فروغ اور استحصالی نظام سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے دن رات محنت کرنا ہوگی۔ انہوں نے نو منتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں تلقین کی کہ وہ اپنی تحریکی ذمہ داریاں اور فرائض ایمانداری اور دیانتداری سے انجام دیں۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کی جانب سے صوبہ پنجاب کو چار زونوں میں تقسیم کیا گیا تاہم عوام میں بڑھتی ہوئی مقبولیت اور تنظیمی کاموں کو تیز کرنے کیلئے گجرانوالہ اور فیصل آباد کو زون کا درجہ دیکر ایم کیو ایم کے تنظیمی زونوں میں اضافہ کر دیا گیا۔

## مظفر گڑھ میں خواتین پر تشدد کا واقعہ شرمناک ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مظفر گڑھ کے علاقے شہر سلطان میں خاتون اوراس کی بیٹی کو سرعام برہنہ کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں خواتین پر مظالم اوران کے بنیادی حقوق کی پامالی کے واقعات نہ صرف شرمناک ہیں بلکہ حکومت اور انسانیت پر یقین والی سیاسی ومذہبی جماعتوں کیلئے لمحہ فکریہ بھی ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ خواتین کوظلم وستم کا نشانہ بنانے اوران کے بنیادی حقوق سلب کرنے والے عناصر کے خلاف صدائے حق بلند کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ مظفر گڑھ میں خواتین کوتشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کی تنظیم نو کردی گئی
## رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج ہوں گے

کراچی۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی تنظیم نوکردی گئی اوررابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج ہوں گے۔یہ اعلان رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس قائم خانی نے اتوار کے روز شعبہ اطلاعات کے اراکین کے اجلاس سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان قاسم علی رضا اورواسع جلیل بھی موجود تھے۔مرکزی شعبہ اطلاعات کے دیگر اراکین میں سیف عباس اورقمر منصور جوائنٹ انچارجز جبکہ خواجہ اظہارالحسن اورعبدالقدوس اراکین کی حیثیت سے فرائض انجام دیں گے۔اس موقع پر CAMM ونگ، نیوز کمیٹی اوردیگر شعبوں کی تنظیم نو کا بھی اعلان کیا گیا۔

## سانحہ داتا دربار کے سوگ میں ڈیرہ مراد جمالی میں ایم کیوایم کے زیراہتمام قرآن خوانی کی گئی

بلوچستان۔۔۔04، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈیرہ مراد جمالی کے زیراہتمام سانحہ داتا دربار میں شہید ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لئے ایم کیوایم کے ضلعی دفتر میں قران خوانی کی گئی جس میں ایم کیوایم کے ضلعی ذمہ داران شہباز خان عمرانی، ڈاکٹر ممتاز مگسی، احمد مینگل، سمیت دیگر کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر سانحہ میں شہید ہونے والے کے لئے ایصال ثواب اورزخمیوں کی صحت یابی کے لئے دعائیں کی گئیں اور فی سبیل اللہ لنگر تقسیم کیا گیا سانحہ کے خلاف کارکنوں نے سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج کیا اس موقع پر ایم کیوایم کے رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ میں بے گناہ لوگوں کونشانہ بنایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ داتا دربار میں خودکش حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں دھشت گردی ایسے واقعات کرکے ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام میں خودکش حملے حرام ہیں دھشت گرد اسلام وقوم کے دشمن ہیں دھشت گرد مسجدوں اوردرباروں اورامام بارگاہوں پر حملے کرکے اسلام کو بدنام کررہے ہیں مگر پاکستان کی عوام متحد ہیں مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم پر دھشت گردی کی مذمت کرتے ہیں قائد تحریک الطاف حسین کی زیر قیادت عوام متحد ہیں

## حق پرست عوام وکارکنان معیز عظیم کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میر پورخاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش کے 8 سالہ صاحبزادے معیز عظیم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اورمعیز عظیم کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی وہ معیز عظیم کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134 کے کمیٹی رکن عمران ملک کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134 کے رکن عمران ملک ولد یامین ملک کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ عمران ملک ولد یامین سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## عمرکوٹ زون کے کارکن عنایت اللہ پلی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

لندن۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم عمرکوٹ زون کے کارکن عنایت اللہ پلی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم عمرکوٹ زون کے کارکن عنایت اللہ پلی کے انتقال پر پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں مرحوم کو سینکڑوں سوگوار لواحقین، ہمدروں اور کارکنان نے آہوں اور سسکیوں کے درمیان مول ماڑی قبرستان عمرکوٹ میں سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ وتدفین میں اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران کے علاوہ عمرکوٹ زون کے زونل انچارج وارا کین ،سیکٹرز ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کارکن ایوب کے والد محمد شفیع، ایم کیوایم لائنز یا سیکٹر یونٹ 197 کے جوائنٹ انچارج وسیم نقوی کے والد محمد اسماعیل، ایم کیوایم اولڈ گولیمار یونٹ کے جوائنٹ انچارج بابو خدا بخش کے والد محمد میاں، ایم کیوایم سکھر زون یونٹ 21 کے کارکن غلام نبی کے والد محمد پناہ بلوچ، ایم کیوایم الیاس گوٹھ یونٹ کے کمیٹی ممبر عبدالمجید کے بڑے بھائی نورالحق اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن شہزاد علی کی والدہ محترمہ منور جہاں بیگم کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## جوعناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے اور بم دھماکے کرکے مقدس مقامات کا تقدس پامال کررہے ہیں

## وہ دین اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کا اجلاس عزیز آباد میں ہوا جس میں داتا دربار میں خودکش حملوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی اور حملوں میں شہید ہونے والے زائرین کے سوگوار لواحقین دلی تعزیت کی۔اجلاس میں شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ اسلام امن وآشتی کا درس دیتا ہے اور جوعناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے اور بم دھماکے کررہے ہیں اور مقدس مقامات کا تقدس پامال کررہے ہیں وہ دین اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندی کے خاتمے اور اتحاد بین المسلمین کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے عملی جدوجہد کررہے ہیں وقت کا تقاضہ ہے کہ ملک بھر کے عوام مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں آکر کردار ادا کریں۔انہوں نے داتا دربار میں خودکش حملوں میں شہید ہونے والے تمام زائرین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## سینڈز پٹ میں متعدد افراد کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے ساحلی علاقے سینڈز پٹ میں متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مون سون کے موسم میں سمندر میں نہانا خطرے سے خالی نہیں ہوتا لہٰذا شہری اس موسم میں سمندر میں نہانے سے گریز کریں۔ جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆